بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرمایۂ حیات

[illegible]

[illegible]

مصنف

[illegible] الغنی

[illegible] دربار [illegible]

[illegible] کشمیر

786

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرمایۂ حیات

نعت

سرورِ دو عالم ؐ کے حضور میں

مصنف

حاجی میر عبد الغنیؒ

خاکسار : دربارِ محمدیہ ، قادریہ ، ہمدانیہ ، نقشبندیہ ، سلطانیہ

ساکن : شاہ کدل آخون ملا طیب صاحبؒ ، سرینگر کشمیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ
عَلَی النَّبِیِّ

یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

میں پائیں شہر کے ایک محلے، میر محلہ راہ بابا صاحب عالی کدل کا رہنے والا تھا۔ لیکن کچھ عرصے سے شاہ کدل سرینگر میں سکونت اختیار کرلی ہے ——————

میرے والد صاحب شال اور پشمینہ کا کاروبار کرتے۔ اس کاروبار میں اللہ تعالیٰ نے اتنی ترقی عنایت کی کہ والد صاحب کشمیر کے بڑے اور مشہور تاجروں کی صف میں کھڑے ہوگئے۔ میرے والد صاحب کی تجارت کا سلسلہ کشمیر سے دہلی، بمبئی اور کلکتہ تک پھیل گیا تھا ——————



ہمارے خاندان کا نسبتی تعلق سلطان العارفین، محبوب العالم رحمتہ اللہ علیہ کے خاندان سے جاملتا ہے —— محبوب العالمؒ کے روحانی کمالات لوگوں کے زبان زد عام ہیں —— جنہوں نے روحانی اور زندگی کی قدروں کو پامالی سے بچایا۔ اس لحاظ سے کشمیری عوام سلطان العارفین محبوب العالم رحمتہ اللہ علیہ کے احسان مند ہیں۔

حاجی میر عبدالغنی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

انتساب

والدین کے نام

میں اپنی کتاب "سرمایۂ حیات" نعت پاک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اجر و ثواب کا صحیح حقدار اپنے والدین کو سمجھتا ہوں، جن کی تربیت اور دعا سے یہ کتاب معرض وجود میں آئی۔

اللہ تعالےٰ اپنے پیارے محبوب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے صدقہ وطفیل سے انہیں غریق رحمت اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں۔ آمین

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ط

احقر العباد ـــــ حاجی میر عبد الغنی، شاہ کدل سرینگر

نام کتاب ـــــ سرمایۂ حیات

مصنف ـــــ حاجی میر عبد الغنی

ہدیہ ـــــ ۲۰ روپے

طبع اول ـــــ اول رمضان المبارک سنہ ۱۴۱۱ھ مطابق ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۹۱ء ـــــ ایک ہزار

ناشر ـــــ میر سعید احمد فرزند ارجمند حاجی میر عبد الغنی ـــ ڈائمنڈ آفسیٹ پریس دہلی

ـــــ کتابت ـ محمد صدیق، راہ بابا صاحب سرینگر

ترتیب

حصہ اول

حصۂ دویم ــ نعتِ پاک

سرمایۂ حیات

سرمایۂ حیات

سرمایۂ حیات

سرمایۂ حیات

حصّہ سویم۔ مناقب

سرمایۂ حیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ آغاز

کسی بھی مسلمان کا ایمان تب تک نامکمل ہے، جب تک اُس کے رگ وریشہ میں دنیائے فانی سے اپنی جان اور مال سے اپنے عزیز بیٹے سے خلاصۂ موجودات، منبعِ برکات، فخرِ موجودات سیّد المرسلینؐ، شافع یوم الدّین، حبیب الالعالمین، احمد مجتبیٰ، محمّد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پیار نہ ہوگا۔ یہی محبّت مسلمان کے لئے نجات کی خدائی سند ہے، اہلِ سنت الجماعت کا یہی ایمان ہے اور اسی پر دینِ اسلام کی بنیاد ہے۔ بندۂ ناچیز کو اسی بندہ نواز کی عنایات نے یہ توفیق عطا کی کہ مجھ ناچیز کو مدینہ منوّرہ میں اپنی کاشانۂ نبوت، دربارِ رسالت میں شرف باریابی کا ابدی فخر عطا فرمایا تجلّیات دربارِ رسالت نے میرے قلب و جگر کو جو سرور عطا کیا ہے۔ اس کی سرمستی میں مجھے ہر لمحہ نعت زبان پر رواں دواں ہے۔ حالانکہ نہ میں عالم ہوں، نہ شاعر ہوں نہ ادیب ہوں، لیکن نعت گوئی نہ مجھے چین ہے اور نہ قرار۔ میں اپنے آقا و مولا کو اپنے جذباتِ شوق والہانہ انداز میں گزارش کرتا ہوں کہ شاعری مقصود نہیں، یہ درد و سوز کا آہ و نالہ ہے، قافیہ، ردیف وغیرہ ضروریاتِ شاعری سے عاری۔ عاشقینِ دربار رسالت اسی پسِ منظر میں اس مجموعہ کو پڑھیں اور میرے حق میں دُعا کریں۔ مجموعہ کو شایع کرنے سے قبل میرے بزرگ محترم غلام رسول کاؤسہ نے اسے غور و فکر سے پڑھا ہے اور قیمتی مشوروں سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ کاؤسہ صاحب کو جزائے خیر عطا کرے۔ آمین!

حاجی میر عبد الغنی

سرمایۂ حیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم * نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اپنی بات

"سرمایۂ حیات — نعت سرورِ دو عالمؐ کے حضور میں" منظرِ عام پر آگئی ہے۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ مصنف خداداد قابلیت اور ذہانت کا مالک ہے۔ ایسے لوگ دنیا میں کم ہی دکھائی دیتے ہیں۔

"سرمایۂ حیات" میں ایک عظیم ترین روحانی لذت اور عشقِ خدا اور محمدی اور قرآنی تعلیمات کی ضیا پاشیاں بھری ہوئی ہیں۔ نعت، مناجات اور مناقب گہرائی کے لحاظ سے بے مثال اور دقت کے تقاضوں کے عین مطابق ہیں۔ کلام کافی دل نشین اور اثر آفرین ہے۔ یہ کتاب مسلمان کے لئے رہتی دنیا تک مفید اور درس دیتی رہے گی۔ اور آنے والے لوگ اس پر فخر کرتے رہیں گے۔ کیوں کہ اس میں اسلام اور اس کی فضیلت کا ڈنکا بجایا گیا ہے۔ اس میں جو اخلاق کی تعلیم دی گئی ہے وہ بلند تر فضا میں پرواز کرنے کی رہبری کر سکتی ہے۔ کتاب کا مطالعہ کرنے سے دل باغ باغ ہو جاتا ہے اور عشقِ محمدی اور اسلام کی تڑپ دل میں پیدا ہو جاتی ہے۔ اہلِ دل حضرات کے لئے موجبِ اطمینان اور سببِ نجات ہے۔ لہٰذا مسرت ہے کہ اسلامی کتابوں میں ایک اور کتاب کا اضافہ ہو گیا ہے۔ کتاب میں علم کا خزانہ ہے، جس سے اچھی زندگی بسر ہو جائے گی۔

میری دعا ہے کہ "سرمایۂ حیات" پڑھنے کے بعد آپ کو خوشگوار عملی زندگی گزارنے کی بصیرت عطا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کتاب کے مصنف حاجی میر عبدالغنی کو مزید خدائی فیض عنایت کرے۔ اور مصنف کی عزت اور عظمت قائم و دائم رکھے۔ اور ہمارے دلوں کو ایمانی جلال و جمال سے معمور فرمائے۔ آمین!

خواجہ غلام نبی برادر حاجی میر عبدالغنی
شاہ کدل سرینگر

توبہ استغفار

خداوندا بحضرت جلال تو باز گشتیم توبہ کردیم از ہر بدی

اے خداوند آپ کی اطاعت کے سامنے آپ کے حضور میں توبہ استغفار کرتے ہیں، ہر برائی بدی

و سہو و خطا و غفلت و بیکاری کہ گزشتہ باشد از زمان

فراموشی گناہ اور بیکاری سے جو گزرے ہیں اور مکلّف وقت سے

مکلّف تا ایندم دانستہ و نادانستہ از ہمہ باز گشتیم

اس وقت تک جان کر یا بھول سے سرزد ہوا ہو۔ توبہ کر کے واپس آیا

توبہ کردیم بصدقِ دل میخوانیم

اور توبہ استغفار کیا۔ ہم نے اور سچے دِل سے پڑھ رہا ہوں

اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

میں گواہی دیتا ہوں، کہ خدا کے بغیر کوئی نہیں ہے جو وحدہٗ لاشریک ہے

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

اور گواہی دیتا ہوں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کا بندہ اور رسول ہے

حضرت ابوبکر صدیقؓ


امیر المومنین حضرت صدیقؓ اکبر خلیفہ اوّل کے والد بزرگوار کا نام عبداللہ تھا۔ کنیت ابوبکر اور لقب صدیقؓ سے شناخت کئے جاتے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام اُم الخیر سُلمیٰ تھا۔ آپ کو احترام کے لحاظ سارے عرب میں ممتاز سمجھا جاتا تھا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ واقعہ فیل کے دوسرے یا تیسرے سال پیدا ہوئے تھے۔ اس طرح بلحاظ عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو یا تین برس چھوٹے تھے حضرت ابوبکر صدیقؓ از حد نرم دل اور نیک تھے۔ شفقت اور محبّت آپ کی فطرت تھی۔ آپ ایمان اور یقین کا مجسمہ تھے۔ عزم و ہمت اور قول و عمل میں پختگی میں آپ کا کوئی ثانی نہ تھا۔ آپ کا شجرۂ نسب مرہ بن کعب تک پہنچ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔ آپ کا مشغلہ قبل از اسلام تجارت تھا۔ کپڑے کا کاروبار تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت نازل ہوئی اور لوگوں کو دینِ حق کی دعوت دی گئی تو صدیقِ اکبرؓ نے مردوں میں سب سے پہلے اس دعوت کو قبول کیا اور مسلمان ہو گئے۔ بلا لحاظ کسی بات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنی قوم کے مذہب اور اپنے آباد اجداد کے طریقے کو یکسر ترک کر دیا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کرنے اور رفیقِ غار بننے کی سعادت نصیب ہوئی حضور اکرمؐ کی معراج کی رات میں لامکان سیر کرتے ہوئے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی غائبی آواز سنائی دی، جس کی وجہ سے

سرمایۂ حیات

حضرت محمدؐ کی بے حد ہمت اور حوصلہ افزائی ہوئی۔ مکہ معظمہ کے بڑے بڑے معزز اور بارسوخ ہستیاں آپکے وعظ و نصیحت سے اسلام کے حلقے میں داخل ہوئیں۔ چنانچہ قریش کے عظیم فرزند حضرت عثمانؓ۔ حضرت زبیرؓ۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ۔ حضرت بن ابی وقاصؓ نے آپ ہی کی تبلیغ سے متاثر ہو کر اسلام قبول کیا حضرت بلالؓ کو بھی حضرت ابوبکر صدیقؓ ہی نے اُن کے مالک سے خرید کر آزاد کروایا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت کی مدت سوا دو برس ہے اُنہوں نے جمادی الثانی ۱۳ھ میں انتقال کیا۔ اور اُنہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ پاک میں سپردِ خاک کیا گیا۔



خوابِ راحت تا کجا یا رحمۃ للعالمین
چشمِ رحمت برکشا یا رحمۃ للعالمین

شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ

فریاد بدرگاہِ قاضی الحاجات

تضمین مناجات منسوب بحضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

جُدْ بِلُطْفِكَ يَا اِلٰهِيْ مَنْ لَهٗ زَادٌ قَلِيْل
بخش اُس کو یا الٰہی جس کا توشہ ہے قلیل
مُفْلِسٌ بِالصِّدْقِ يَأْتِيْ عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيْل
ہے تری درگاہ میں حاضر وہ اے ربِّ جلیل
ذَنْبُهٗ ذَنْبٌ عَظِيْمٌ فَاغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْم
میری گردن پر گناہوں کا ہے اک بارِ عظیم
اِنَّنِيْ شَخْصٌ غَرِيْبٌ مُذْنِبٌ عَبْدٌ ذَلِيْل
واقعی میں ہوں سراپا روسیاہ خوار و ذلیل
قَالَ يَا رَبِّ ذُنُوْبِيْ مِثْلَ رَمْلٍ لَا تُعَد
ہیں گنہ میرے مثالِ ریگِ صحرا بے عدد
فَاعْفُ عَنِّيْ كُلَّ ذَنْبٍ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْل
بخشدے رحمت سے ان سب کو خداوندِ جمیل
قُلْ لِنَارٍ اُبْرُدِيْ يَا رَبِّ فِيْ حَقِّيْ كَمَا
آگ کو حکم ٹھنڈی ہو مرے حق میں خدا
قُلْتَهَا يَا نَارُ كُوْنِيْ اٰكَ بَرْدًا فِيْ حَقِّ الْخَلِيْل
ہوگئی تھی سرد وہ جس طور سے پیشِ خلیل

مِنّیْ عِصْیَانٌ وَّنِسْیَانٌ وَّسَھْوٌ بَعْدَ سَھْوٍ

میری فطرت میں ہے عصیان اور نسیان اور سہو

مِنْکَ اِحْسَانٌ وَّفَضْلٌ بَعْدَ اِنْعَامٍ جَزِیْلٍ

کام تیرا فضل و احسان اور انعامِ جزیل

عَافِنِیْ مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَّاقْضِ عَنِّیْ حَاجَتِیْ

ہر بلا سے مخلصی دے کر دو احاجت مری

اِنَّ لِیْ قَلْبًا سَقِیْمًا اَنْتَ مَنْ یَّشْفِ الْعَلِیْلَ

شافیٔ مطلق ہے تو اور قلب ہے میرا علیل

اَنْتَ شَافِیْ اَنْتَ کَافِیْ فِیْ مُھِمَّاتِ الْاُمُوْرِ

تو ہی کافی ہے ترے قبضے میں ہیں سارے امور

اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ لِیْ نِعْمَ الْوَکِیْلُ

ہے تو ہی میرا محافظ ہے تو ہی میرا وکیل

کَیْفَ حَالِیْ یَا اِلٰھِیْ لَیْسَ لِیْ خَیْرُ الْعَمَلِ

حال کیا ہوگا مرا اک بھی نہیں اچھا عمل

سُوْءُ اَعْمَالِیْ کَثِیْرٌ زَادُ طَاعَاتِیْ قَلِیْلٌ

ہے بد اعمالی بہت سی توشۂ طاعت قلیل

سرمایۂ حیات

رَبِّ هَبْ لِی کَنْزَ فَضْلٍ اَنْتَ وَهَّابٌ کَرِیْم

گنج بخشش بخش مجھ کو اے معطی و کریم

اَعْطِنِی مَا فِی ضَمِیْرِی دُلَّنِی خَیْرَ الدَّلِیْل

کر عطا جو میرے دل میں ہے سجھا اچھی دلیل

هَبْ لَنَا مُلْکًا کَبِیْرًا نَجِّنَا مِمَّا نَخَاف

بخشنا فردوس مجھ کو اور مجھے کرنا معاف

رَبَّنَا اِذْ اَنْتَ قَاضِی وَالْمُنَادِی جِبْرَئِیْل

جب کہ تو حاکم ہو مولا اور منادی جبرئیل

اَیْنَ مُوْسٰی اَیْنَ عِیْسٰی اَیْنَ یَحْیٰی اَیْنَ نُوْح

ہیں کہاں موسیٰ و عیسیٰ ہیں کہاں یحییٰ و نوحؑ

اَنْتَ یَا صِدِّیْقُ عَاصِی تُبْ اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْل

غور کر صدیق ہو تائب بدرگاہِ جلیل

تبرکات

برکتش لا الٰہ الا ہو

حضرت خواجہ شمس الدّین تبریزیؒ

کتاب "تذکرۂ دولت شاہی" میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ شمس الدّین تبریزی خواجہ جلال الدین والئی قلعۃ الموت کے فرزند ارجمند تھے۔ خواجہ جلال الدین اپنے آباء و اجداد کے مذہب (کفر) سے بیزار ہو کر مشرف باسلام ہو گئے تھے۔ اور انھوں نے تمام گزشتہ بے دینوں اور کافروں کی کتابیں جلا کر اُن کی بجائے قلعہ وغیرہ میں اسلامی آثار قایم کر دیئے اور اپنے فرزند دلبند شمس الدّین محمد کو تحصیلِ علم و ادب کے لئے تبریز بھیجا۔

بعض مورخین کا یہ قول ہے کہ خواجہ شمس الدین تبریز میں پیدا ہوئے اور علی بن مالک داود تبریزی بزاز کے صاحبزادے تھے۔ جب خواجہ صاحب علومِ ظاہری میں ماہر ہو گئے تو حضرت خواجہ رکن الدین سنجابی کے مرید ہو گئے اور آپ نے معرفت و سلوک میں بلند مرتبہ حاصل کیا۔ اس کے علاوہ حضرت خواجہ صاحب بغداد شریف میں حضرت باباکمال کی خدمت اقدس میں رہا کرتے تھے۔

کہتے ہیں کہ ایک روز حضرت شیخ رکن الدین رحمتہ اللہ علیہ نے خواجہ صاحب کو فرمایا کہ تمہیں ملک روم جانا چاہیئے وہاں ایک سوختہ دل (مولانا روم) ہے اس میں جا کر عشقِ الٰہی کی آگ لگا آؤ۔ خواجہ صاحب نے اپنے پیر کامل کے ارشاد کے مطابق روم کا سفر اختیار کیا۔ سفر کرتے کرتے ۶۴۲ھ میں شہرِ قونیہ میں جا پہنچے۔ مولانا جلال الدین رومی بھی اسی شہر میں علوم عربیہ و دینیہ کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ یہاں پر حضرت مولانا رومی رحمتہ اللہ علیہ حضرت شیخ شمس الدین تبریزی رحمتہ اللہ علیہ کے فیض صحبت سے مستفیض ہوئے۔

چونکہ مولینا رومی ہر وقت اپنے پیر برحق کی خدمت میں رہتے۔ ایک رات خواجہ صاحب اور مولانا روم تنہائی میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں ایک شخص باہر سے آیا اور خواجہ صاحب

سے کہا کہ باہر تشریف لائیے۔ خواجہ صاحب فوراً اُٹھ کھڑے ہوئے اور مولانا سے فرمانے لگے کہ یہ لوگ مجھے قتل کرنے کے لئے بلا رہے ہیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ سات شخص خواجہ صاحب کی گھات میں بیٹھے ہوئے تھے۔ جب خواجہ صاحب باہر نکلے تو اُنھوں نے آپ کو ایک خنجر مارا۔ جس سے آپ شہید ہوئے۔ آپ کی نعش مبارک کو مولانا روم کے مدرسہ میں لاکر بانی مدرسہ حضرت امیر بدرالدین رحمتہ اللہ علیہ کے پہلو میں آپ کو دفن کیا۔ آپ کی تاریخ وفات ایت وار ماہ ۹ رجب المرجب ۵۷۶ھ ہے

مالِكُ المُلكِ لاشريكَ لهُ
وحدهُ لا اِلٰهَ اِلّا هُو

باری تعالےٰ جو تمام کائنات کا مالک ہے کوئی اس کا شریک نہیں۔ صرف اکیلا باری تعالےٰ ہی ہے ـــــ

عاشقاں جاں و دل نثار کنند
بر درِ لا الٰہ الّا ہُو

عاشق جان و دل سے اُس کے نام قربان کرتے ہیں۔ لا الٰہ الّا کے دروازے پر

مصطفیٰؐ یافت در شب معراج
خلعتِ لا الٰہ الّا ہُو

حضرت محمدؐ نے یہ درجہ شبِ معراج میں حاصل کیا اور خلعت میں یہ حالت نمودار ہوئی

صوفیاں گر بہشت می طلبند
ذکرِ شاں لا الٰہ الّا ہُو

صوفی شرف والے جنت میں ڈھونڈتے ہیں۔ باری تعالیٰ کی یاد کرتے ہیں۔

باغبان قدیم لم یزلی
صفتش لا الٰہ الا ہو

باغبان (خداوند کریم) ازل سے ہے۔ اُس کی صفت لا الٰہ الا ہے

طوقِ لعنت فگند بر ابلیس
حیرتش لا الٰہ الا ہو

لعنت کا طوق ابلیس کی گردن میں ڈالا گیا اور حیرت میں باری تعالےٰ نے ڈالا۔

مومنان را نعیم شد روزی
برکتش لا الٰہ الا ہو

مومنوں کو باری تعالےٰ نے اپنی نعمتوں سے نوازا ہے اور صرف باری تعالیٰ کی ہی برکت ہے

خوش درختی است درمیان جنان
میوہ اش لا الٰہ الا ہو

اچھا درخت جو جنّت میں ہے اور وہ درخت لا الٰہ الا ہے اور اسکا میوہ لا الٰہ الا ہے

شمس تبریز گر خدا طلبی
خوش بخواں لا الٰہ الا ہو

شمس تبریز اگر خدا کو ڈھونڈھتا ہے۔ پھر سچے دِل سے لا الٰہ الا اللہ کو یاد کر اور پڑھ۔

من دست بہ ہیچ دستگیری نہ دہم

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ ترکی (استنبول) کے شہر قونیہ میں مزار اقدس میں آرام فرما ہیں۔ مزار اقدس کے قریب ہی نہایت شاندار شاہ سلیم کی مسجد ہے

بکشائے درے کہ در کشایندہ توئی

اے پاک پروردگار عالم۔ دنیا والوں نے مجھے اپنے تمام دروازے بند کئے ہیں۔ لیکن تو اپنی رحمت کا دروازہ میرے لئے کھول دے

بنمائے رہے کہ رہ نمایندہ توئی

اے رب العالمین۔ دنیا کے لوگوں نے مجھے رہنمائی اور نہ راہ مستقیم دکھائی۔ لیکن تو خداوند کریم ہے تو راہ مستقیم دکھا دے، جس سے دنیا والے مجھے تنگ نہ کریں گے

من دست بہ ہیچ دستگیری نہ دہم

میرے یہ دونوں ہاتھ کسی دنیا والے کی دستگیری میں نہ دے تو ہی میری دستگیری اور بھرپور مدد کریں۔

کار ایشاں ہمہ فانی اندوہ پائندہ توئی

آخر اس دنیا سے مجھے ایک دن واپس جانا ہے یعنی کوچ کرنا ہے۔ تب میں قبر سے آکر آپ کو کیسے مانگوں گا ــــــ؟

دماغ درد مندم را دوا کن   دوا از خاک پائے مصطفےٰ کن

یا اللہ میرے بیمار دماغ کو اپنا دوا عطا فرمائیں۔ اپنے پیارے محبوب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاک پائے کے واسطے میرے دماغ کو دوا فرمائیں

خواجہ بزرگ حضرت سید بہاؤ الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ

مناجات درِ دربار قاضی الحاجات (جل جلالہٗ)

حاجی میر عبدالغنی - شاہ کدل سرینگر

مالکِ الملک چھُ خالقِ کائنات
لوح و قلم تہٕ ارض و سماوات
پاۄدٕ کرٕن کائنات ہا بہ یک ساعت
ستی ہیتھ مخلوق تہٕ بیہ نباتات
وحدہٗ لاشریک تٔہندی صفات
ذرٕ ذرٕ کنی عیاں تٔہندی آیات
محمدؐ پاۄدٕ کرٕن از نورِ ذات
تا دورِ قیامت فیض و برکات
بعد از خدا چھُوی تٔہنزی ذات
رسولِ خداؐ ازان عین حیات
بس یہوی عبد الغنیس نجات
محمود عاقبت کرتم پاک ذات

الٰہی عاقبت محمود گردان
بلائے بود را نابود گردان
بہ پاسِ گیسوئے محمد مصطفیٰؐ

حضرت اویسؒ القرنی رضؓ

آپ جلیل القدر تابعین اور چالیس پیشواؤں میں ہوئے ہیں اور جس کی تعریف رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیں۔ اُن کی تعریف کوئی دوسرا کیا کرسکتا ہے۔ بعض اوقات یمن کی طرف روئے مبارک کرکے حضور فرمایا کرتے تھے۔ "میں یمن کی جانب سے رحمت کی ہوا آتی ہوئی پاتا ہوں" حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمت میں ایک ایسا شخص ہے جسکی شفاعت سے بھیڑوں کے بال کے برابر گناہگاروں کو بخش دیا جائیگا۔ اس پر صحابہؓ نے پوچھا۔ وہ کون شخص ہے اور کہاں رہتا ہے؟ حضورؐ نے فرمایا' اللہ کا ایک بندہ ہے۔ وہ اویس القرنیؒ ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کیا وہ کبھی آپکی خدمت میں حاضر ہوئے؟ حضورؐ نے فرمایا۔ کبھی نہیں۔ لیکن چشم ظاہری کے بجائے چشم باطنی سے اس کو میرے دیدار کی سعادت حاصل ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کیا ہم اُن سے شرف نیاز حاصل کرسکتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا۔ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کی اُن سے ملاقات ہوگی۔ اس پر صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ اُن کی شناخت کیا ہے؟ رسول مقبولؐ نے فرمایا۔ اُن کے جسم پر بال ہیں اور ہتھیلی کے بائیں طرف ایک دِرم کے برابر سفید رنگ کا داغ ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا' جب حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کی اُن سے ملاقات ہو تو اُن کو میرا اسلام پہنچانا بعد میں میری اُمت کے لئے دُعا کرنے کا پیغام بھی دینا۔

دورِ خلافت راشدہ میں جب حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کوفہ پہنچے اور اہل یمن سے اُن کا پتہ معلوم کیا تو کسی نے کہا۔ دُور عرفہ کی وادی میں اونٹ چرایا کرتا ہے اور خشک روٹی کی غذا کھاتا ہے۔ جب حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ وہاں پہونچے تو دیکھا' حضرت

حضرت اویس القرنیؒ نماز میں مشغول ہیں۔ اور دورانِ عبادت ملائکہ اونٹ چرایا کرتے ہیں، نماز سے فراغت پانے کے بعد جب اُن کا نام دریافت کیا گیا تو حضرت اویسؒ نے جواب دیا عبداللہ یعنی اللہ کا بندہ۔ حضرت عمر فاروق نے فرمایا کہ آپ اپنا اصلی نام فرمائیں۔ جواب دیا۔ اُویسؒ ہے۔ پھر حضرت عمر فاروق نے فرمایا کہ اپنا ہاتھ دکھائیں۔ اُنہوں نے جب ہاتھ دکھایا تو حضور اکرمؐ کی بیان کردہ نشانی دیکھ کر حضرت عمرؓ نے حضرت اُویسؒ کی دست بوسی کی۔ پھر حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیجا ہوا عطیہ لباس مبارک حضرت اویسؒ کو پیش کیا۔ اور رسول اللہؐ کا سلام پہنچا کر فرمانِ رسول فرمایا کہ اُمت محمدی کے حق میں دُعا کریں۔ یہ سن کر حضرت اویس القرنیؒ نے آنحضورؐ کی وصیت پوری کر دی۔

مقامِ ولایت خلافت سے بہتر ہے

حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت علیؓ نے جب آپ سے حضور اکرمؐ کی زیارت نہ کرنے متعلق سوال کیا تو آپ نے اُن سے پوچھا کہ اگر آپ دیدارِ نبیؐ سے مشرف ہوئے ہیں تو بتایئے کہ رسول اکرمؐ کے ابروئے مبارک کشادہ تھے یا گھنے اس پر دونوں صحابہؓ جواب سے معذور رہے ـــــ حضرت اویس القرنیؒ دوسرا سوال کیا۔ اگر آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں میں ہیں، تو بتایئے۔ جنگ اُحد میں حضرت محمد مصطفےٰؐ کا کونسا دندانِ مُبارک شہید ہوا تھا۔ اور آپ نے اتباعِ نبویؐ میں اُس وقت اپنے تمام دانت کیوں نہ توڑ ڈالے ـــ یہ کہہ کر حضرت اویس القرنیؒ نے اُسی وقت اپنے تمام دانت توڑ ڈالے ـــ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت اویس القرنیؒ اتباعِ نبویؐ میں کس قدر سرشار تھے۔

خدا رحمت کنند ایں عاشقانِ پاک را

۷۸۶

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم

القصیدۃ

من اویس القرنی فی مدح تاجدارِ کائنات حضور جناب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین

یا ربِّ صلِّ صلاتی وسلامی ابدًا ۔۔۔ بنبیٍّ عربیٍّ مدنیٍّ حرمی

اللہ تبارک و تعالیٰ تا ابد میرا درود و سلام نبی ۔ عربی ۔ مدنی ۔ حرمی (مکی) کے دربار رحمت میں پہنچائے

شمسِ فضلٍ وضیاءٍ وسناءٍ اسنیٰ ۔۔۔ نورِ بدرٍ وبہاءٍ وسماءِ الکرمِ

فضل و بزرگی کے آفتاب و مہتاب اور ایسے منارۂ نور کہ جس کی ضیاء یعنی بدر (چودھویں رات کا چاند) چمک اُٹھا اور کرم و شرافت میں آسمان بھی شرماتا

مظہرِ الحقِّ تعالیٰ وتقدّس حقًّا ۔۔۔ مفخرُ الخلقِ کمالًا بکلامِ القدمِ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس تعالےٰ کا جیتا جاگتا وجود ہے ۔ حق تعالیٰ کا آپ نے بول بالا کیا کمال و بزرگی میں فخرِ خلائق جو کہ آپ کے پاک سیرت اور برتر یعنی اعلیٰ کلام سے ظاہر ہوتا ہے

اکرمُ الخلقِ وجودًا وسجودًا وجودًا ۔۔۔ احسنُ النّاسِ سخاءً بعطاءِ النّعمِ

وجود اور جود سخا و عطا اور عبادت کے اعتبار سے بلند و بالا اخلاق والے یعنی داد و دہش اور سخاوت کے اعتبار سے تمام انسانوں میں فائق و ممتاز ہے

یمّ لطفٍ ووفاءٍ وسحابٍ مطرٍ ۔۔۔ طورِ حلمٍ ووقارٍ وحمولِ الالمِ

لطف و وفا میں سمندر یعنی بحرِ بیکراں اور بارانِ رحمت اور جہاں تک حلم و بردباری اور وقار اور مصیبتوں کے جھیلنے کا تعلق ہے تو کوہ طور بھی آپ کے سامنے اپنی آنکھیں جھکا دے

سرمایۂ حیات

اَمْرُ الْکُلِّ بِعَدْلٍ وَّسَمَاحٍ وَّتُقًی ۔ عَمَرَ النَّفْسَ بِجُوْعٍ وَّتَوَرُّمِ قَدَمٍ

ہر ایک کو عدل وانصاف ۔ بزرگی اور تقویٰ کی وصیت کرنے والے اور خود بھی اپنی زندگی فقر و فاقہ اور ایسے مجاہدوں کے ساتھ گزری کہ پائے مبارک تک متورم یعنی تکلیف سے متاثر ہو جاتے تھے

کَیْفَ یُحْصِیْ صَلَوَاتِیْ لِاِمَامِ الْحَرَمَیْنِ ۔ عَجَمِیٌّ بَدْوِیٌّ صُمَمِیْ بُکْمِیْ

کیسے میں اپنے درود وسلام کے ذریعہ امام الحرمینؐ کی تعریف و توصیف بیان کروں ۔ جبکہ میں خود عجمی اور بدوی ہوں اور آپ کی تعریف وصفت اور مدح کے بارے میں گونگا و بہرا ہوں

خَابَ اٰمَالِیْ حَیَاتِیْ بِفِرَاقِ السِّلْمِیْ ۔ ذَابَ لَحْمِیْ وَدَمِیْ لَیْتَ وُجُوْدِیْ عَدَمِیْ

میری امیدیں اور میری زندگی امن وسلامتی والے نبیؐ کے فراق میں یعنی ذکر و فکر میں مبتلا اور کٹھن ہو گئی

رَبِّ اَبْلِغْ صَلَوَاتِیْ وَسَلَامِیْ اَبَدًا ۔ نَحْوَ سُکَّانِ بَقِیْعٍ وَّبِقَاعِ الْحَرَمِ

اے میرے رب ۔ میرا درود وسلام تو ہمیشہ بقیعؓ میں رہنے والوں اور حرم پاک کی پوری سرزمین تک پہنچا دے

ثُمَّ اَصْحَابِ حُنَیْنٍ اُحُدٍ مَعَ بَدْرٍ ۔ ثُمَّ اَتْبَاعٍ کِرَامٍ بِسَدِیْدِ الْاُمَمِ

اور پھر اصحاب حنینؓ، احد اور بدر کے شہدا پر اور ان تمام شرکت کرنے والوں تک اور پھر ان تمام بلند مرتبہ تابعینؒ تک جنہوں نے تمام امتوں کے صادق المصدوق (نبی) کی پیروی کی ۔ یعنی ازاں بعد ان سب تک جنہوں نے مختلف امتوں میں سے راہ ہدایت پائی ہو

اِعْتِمَادِیْ وَرَجَائِیْ لِشَفِیْعِ الْاُمَمِ ۔ حِیْنَ یَبْلٰی کَفَنِیْ فَوْقَ عِظَامِ الرِّمَمِ

جب میرا کفن میری بوسیدہ ہڈیوں پر سے پھٹ جائے گا ۔ تو اس وقت میرا اعتماد و بھروسہ اور میری امیدیں یعنی آرزوئیں شفیع الامم سے وابستہ ہوں گی

از : حضرت اویس قرنی رضؓ

دست بدعا : حاجی میر عبد الغنی

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

حضرت زین العابدینؓ حضرت امام حسینؓ کے فرزند ارجمند تھے۔

کربلائے معلیٰ کے واقعہ پر زین العابدینؒ بیماری کی وجہ سے خیمے میں ہی تھے اور اُن کی پھوپھی جان حضرت زینبؓ اُس وقت اُن کی تیمارداری کر رہی تھیں۔ اچانک حضرت امام حسین علیہ السلام نے کربلا کے خیمے میں اپنے ساتھیوں کو طلب کیا اور تاکید کی کہ مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ سے رجوع کرنا چاہیئے۔ امام حسین کے ان ارشادات کے بعد یزید کی فوجیوں نے یلغار شروع کر دی ـــــ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی خبر سن کر امام زین العابدینؓ کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہوئے۔ انہوں نے چہرہ پیٹ لیا اور گریبان پھاڑ ڈالا۔ بے ہوشی کی حالت میں کچھ اشعار زبان سے ظہور پذیر ہوئے، جن میں "صبح کی ہوا سے کہا گیا کہ وہ کربلا کے واقعات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک پر سُنا دے۔

امام زین العابدینؓ جب مدینہ پہونچے اور روضۂ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ پر زار وقطار رونے لگے۔ اہل مدینہ بھی کربلا کے واقعات سُن کر انتہائی غم زدہ ہو گئے۔

قصیدہ از حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

اِنْ نِلْتِ یَا رِیْحَ الصَّبَاحِ یَوْمًا اِلٰی اَرْضِ الْحَرَمِ

اے باد صبا۔ تو پہنچ آج ارض حرم پاک میں

بَلِّغْ سَلَامِیْ رَوْضَۃً فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَرَمُ

اے باد صبا اور میرا سلام پہنچا روضۂ اقدس کو جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔

مِنْ وَجْھِہٖ شَمْسُ الضُّحٰی مِنْ خَدِّہٖ بَدْرُ الدُّجٰی

وہ محبوب باری جن کا روئے انور چڑھتے سورج کی مانند ہے اور جس کے رخسارِ نازنین بدرِ کامل یعنی مانند چودھویں رات کے چاند کے ہیں۔

مِنْ ذَاتِہٖ نُوْرُ الْھُدٰی مِنْ کَفِّہٖ بَحْرُ الْھِمَمْ

جن کی ذات مبارک سے ہدایت کا نور ملتا ہے۔ یعنی صراط المستقیم کا راستہ ملتا ہے، جن کے دستِ اقدس سے عالی ہمت سمندر پھوٹ پڑتے ہیں۔

یَا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ اَنْتَ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ

یارسول اللہ اے رحمتِ عالمیان، آپ گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے ہیں۔

اِشفع لنا یوم الحزین فضلاً وّجوداً اوالکرم

قیامت کے دن ہماری شفاعت کیجئے۔ کیوں کہ آپ

صاحب فضل اور منبع جود و سخا ہیں ــــــ

○

دریں زمانِ پُر آشوب یا رسول اللہ
بگیر دستِ مرا خوب یا رسول اللہ
ز آستینِ کرم برآر دستِ فتوت
بہ دستگیریِ مغلوب یا رسول اللہ

اس پریشانی اور اضطراب کے زمانے میں یا رسول اللہ میرا ہاتھ پکڑ لیجئے' میری دستگیری کیجئے

(اپنے آستین کرم سے اپنی سخاوت و جوانمردی کا ہاتھ نکالیئے۔ اور اس مغلوب و زبردست)

ـــــ کی دستگیری کیجئے ـــــ

تبرکات

بردرگہش گدایم سلطانِ ما محمدؐ

حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ معین الدّین چشتی رحمتہ اللہ علیہ

خواجۂ خواجگان آفتاب سرکار خواجہ معین الدّین چشتی رحمتہ اللہ علیہ ۱۴ ررجب ۵۳۶ھ کو صبح صادق کے وقت مقام چشت میں پیدا ہوئے، پینتالیس سال تک اجمیر شریف میں رہ کر دین حق کی اشاعت کی ۶ رجب ۶۳۳ھ کو وصال ہوا۔ بوقت وصال جبینِ مقدس پر ھٰذا حَبِیبُ اللّٰہِ مَاتَ فِی حُبِّ اللّٰہِ لکھا ہوا تھا۔

ماہ ربیع الاوّل ۶۱۱ھ میں حضرت خواجۂ بزرگ رح روضہ اقدس حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضر ہوئے تھے۔ نذرِ عقیدت کے طور پر آپ نے دربارِ رسالت میں یہ نعتیہ اشعار پیش کئے ـــــ

درجاں چو کرد منزل جانانِ ما محمدؐ

جب ہماری روح کی طرف حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہوئے

صد در کشاد در دل از جانِ ما محمدؐ

تو حضورؐ کی برکت سے معرفت کے سو دروازے ہمارے دل کھل گئے

از دردِ زخمِ عصیاں مارا چہ غم۔ چو سازد

گناہوں کے زخم کے درد سے ہمیں غمگین ہونے کی کیا ضرورت ہے،

سرمایۂ حیات

از مرہم شفاعت درمانِ ما محمدؐ

جبکہ مرہمِ شفاعت سے حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا علاج کرینگے

مستغرقِ گناہیم، ہرچند عذر خواہیم

ہم گناہوں کے سمندر میں غرق ہیں، ہرچند عذر خواہ ہیں

پژمردہ چو گیاہیم، بارانِ ما محمدؐ

ہم گھاس طرح مرجھائے ہوئے ہیں لیکن ہمارے لئے بارانِ رحمت حضورؐ کی ذات ہے،

ما طالبِ خدائیم، بر دینِ مصطفیٰؐ ایم

ومقامِ شکر ہے کہ، ہم خدا کے طالب ہیں اور مصطفیٰؐ کے دین پر ہیں

اُس گلی کا گدا ہوں میں جس میں

بر درگہش گدائیم، سلطانِ ما محمدؐ

ہم اُنکی درگاہ کے بھکاری ہیں اور ہمارے سلطان حضور سرورِ عالمؐ ہیں

مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

در باغ و بوستانم دیگر مجو معینؔ

اے معین! باغ و بوستان میں اور کوئی چیز طلب نہ کر

باغم بس است قرآں بستانِ ما محمدؐ

ہمارے لئے قرآں مجید کا گلزارِ ہدایت کافی ہے اور ہمارے لئے حضورؐ کی ذات

بُستانِ معرفت ہے

محمدؐ شمعِ محفل بود...

سلطان الشعراء حضرت امیر خسروؒ

سُلطان الشعراء حضرت امیر خسروؒ ۱۱ ربیع الاوّل ۶۵۲ھ کو مومن آباد ضلع ایٹہ میں صبح صادق کے وقت پیدا ہوئے۔ آپ کے والد حضرت امیر سیف الدین محمودؒ نے آپ کا نام ابوالحسن رکھا۔ ۶۵۷ھ میں حضرت امیر خسروؒ دہلی آگئے اور آفتاب ھدایت سُلطان المشائخ نظام الدین محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایثار و اخلاص کی بنا پر مرتبہ اختصاص حاصل کیا۔ فنافی الشیخ کے مقام پر پہنچے اور خرقہ خلافت سے سرفراز ہوئے، ۲۵ شوال ۷۲۵ھ کو وصال فرمایا اور پائین مزار حضرت محبوب الٰہیؒ مدفون ہوئے۔ ذیل میں حضرت امیر خسروؒ کے چند وجد آفرین اشعار پیش کئے جاتے ہیں جو ایک خاص وجد و کیف کے عالم میں لکھے گئے تھے،

نمی دانم چہ منزل بود، شب جائے کہ من بودم

میں نہیں جانتا، وہ کیا منزل تھی جہاں رات کو میں موجود تھا

بہر سو رقص بسمل بود، شب جائے کہ من بودم

وہاں ہر طرف رقص بسمل کے نظارے تھے جہاں رات کو میں موجود تھا

پری پیکر نگارے، سرو قدے، لالہ رخسارے

اُس محفل میں ایک نور جسم کو دیکھا، پری پیکر، سرو قد، پھول جیسا چہرہ

سراپا آفت دل بود، شب جائے کہ من بودم

وہ دنیائے دل کیلئے سراپا آفت تھا جہاں رات کو میں موجود تھا

سرمایۂ حیات

رقیباں گوش برآواز او در ناز و من ترساں

رقیب گوش برآواز تھے، وہ جانِ تمنّا محوِ ناز تھا اور میں لرزاں و ترساں تھا

سخن گفتن چہ مشکل بود شب جائے کہ من بودم

بات کرنا وہاں کس قدر مشکل تھا جہاں رات کو میں موجود تھا

خدا خود میر مجلس بود اندر لامکاں خسرو!

- اُس محفل مبارک میں حق سبحانہٗ تعالیٰ خود میرِ مجلس اور صدرِ محفل تھا

محمدؐ شمع محفل بود شب جائے کہ من بودم

اور حضور سرورِ عالم فخرِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم شمع محفل تھے

بلغ العلےٰ بکمالہٖ

کشف الدجےٰ بجمالہٖ

اے رسول گرامی مرتبت آپ کی ذات بابرکات کمال کے نقطۂ عروج پر فائز ہے۔ اور آپؐ کے جمالِ جہاں آرا سے دنیا کی ظلمتیں چھٹ گئیں

حسنت جمیع خصالہٖ

صلّوا علیہ و آلہٖ

اور بے شک آپؐ مجموعہ خوبی ہیں۔ اللہ آپؐ پر آپؐ کی آل پر رحمتیں نازل فرمائے ——

(حضرت سعدی شیرازیؒ)

تبرکات

یا شعاعِ شمس یا آئینۂ دلہا ست این

— سلطان الشعراء حضرت مولانا نورالدین عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ —

حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ ۱۸ ربیع الاول ۸۳۵ھ کو قصبہ جام علاقہ ہرات میں پیدا ہوئے ظاہری علوم سے فارغ ہو کر منازل سلوک کی طرف توجہ کی بہترین ادیب عارف کامل اور نکتہ سنج شاعر تھے اور ان سب سے بالاتر جو وصف تھا وہ ذات پاک حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بے پناہ عشق والہانہ عقیدت و شیفتگی تھی، یہاں تک کہ ۸۹۸ھ میں عقیدت کا سر روضۂ مبارک پر اس طرح جھکایا کہ پھر نہ اُٹھ سکا۔ مولانا جامیؒ نے اسلام کے فضائل میں بہت سی یادگاریں چھوڑی ہیں اُن سب میں بہتر کلیات جامیؒ ہے۔ ایک عاشق رسولؐ نے عشق و محبت رسولؐ کے زمزمۂ سرمدی میں جو گل کاریاں کی ہیں اور جو چمن آراستہ کئے ہیں، اُسکی بہار سدا قائم رہے گی اور اُس کی خوشبو ایمان کے مشامِ جان کو ہمیشہ معطر رکھے گی۔ آج آپ بھی اس سدا بہار چمن کے ایک گلِ تازہ سے اپنے ایمان کو شاد کام بنائیے۔

عارض است این یا قمر یا لالۂ حمراست این
یا شعاعِ شمس یا آئینۂ دلہاست این

یا رسول اللہؐ! کیا یہ رخسار مبارک ہیں۔ یا چاند جیسا۔ یا سرخ احمر ہے۔ روئے مبارک کی تعریف ہے یا سورج کی کرنیں یا عاشقوں کے دلوں کا آئینہ ہے۔

قامت است این یا الف یا سرو یا نخلِ مراد
یا مگر گلدستۂ باغ جنان آراست این

آپ کا قدِ مبارک الف جیسا ہے یا سرو کا درخت جو سیدھا ہوتا ہے یا عاشقوں کے دلوں کا۔ یا مطلب کا میوہ ہے۔ یا جنت کے باغ کا گلدستہ سجا ہوا ہے۔

چشمِ تو جادو است یا آہو است یا صیادِ خلق
یا دو بادامِ سیاہ یا نرگسِ شہلا است این

آپ کے چشمانِ مبارک جادو کا اثر کرنے والے یا ہرن جیسے تیز رفتار یا لوگوں کو شکاری جیسا موہ لینے والا یا جیتنے والا یا آپ کے سیاہ چشمانِ مبارک ہیں یا نرگس جیسی آنکھیں رکھے ہوئے ہیں۔ یہی شوق کا جذبہ ہے جو آپ کی طرف کھینچ رہا ہے

زلفِ تو زنجیر یا قلاب یا مشکِ ختن
سنبلِ تر یا سمن یا عنبرِ سارا است این

آپؐ کا زلف مبارک زنجیر جیسا ہے۔ یا قلاب (موٹی ہوئی رسی) یا ختن کی خوشبو (ختن ایک شہر کا نام ہے جو مشک کے لئے مشہور ہے) یا تازہ سنبل کا پھول یا یاسمین کا پھول یا سارا عنبر خوشبو والا ہے۔

یارب این طاق است یا محراب یا قوس قزح
یا ہلالِ عید یا ابروے ماہ ماست این

یارب کیا یہ (محبوب) (نماز) طاق ہے۔ کہ نہیں ہیں۔ یا محراب ہے۔ یا قوس قزح ہے قوس قزح ایک چکدار نصف دائرے کی شکل کا ہوتا ہے۔ یہ ابرو مبارک کی تعریف ہے یا عید کا ہلال ہے یا چاند کا نصف دائرے جیسا چکدار بھوئیں شریف کی تعریف ہے۔

یارب این خورشید تابان است یا ماہِ تمام
یا فرشتہ یا پری یا شوخ بے پرواست این

یارب اکیا یہ حضرت نبی کریمؐ کا روئے مبارک چمکیلا ہے۔ یا پوری چاند کا روئے مبارک ہے۔ کیا یہ فرشتہ ہیں۔ یا پری یعنی حور جیسی خوبصورت یا شوخ بے پرواہیں۔ یعنی تیز رفتار۔

سرمایۂ حیات

حقّہ لعل است یا سرچشمۂ آبِ حیات
یا دہن یا میم یا نونِ نہان پیدا است این

آپؐ کے لب مبارک موتی کی طرح سُرخ ہیں یا آبِ حیات کا سرچشمہ ہیں یا دہانِ مبارک میم جیسی شکل والا یا نون جیسا شکل والا پوشیدہ ظاہر ہوتا ہے۔ یہ خوب صورت کے لئے تشبیہہ دی گئی ہے۔

کوی تو کعبہ است یا فردوس یا خلدِ برین
یا گلستانِ ارم یا جنت الماویٰ است این

آپؐ کا کوچۂ مبارک کعبہ ہے یا جنّت یا خلدِ برین ہے (خلد برین) خاص ایک جنّت کا نام ہے یا باغِ ارم (ارم ایک باغ کا نام ہے جو جنت کے نمونے پر شداد نے بنایا تھا) یا جنّت الماویٰ ہے۔

طوطیِ شیرین زبان یا قُمری باغِ جنان
بلبلِ بے خانمان یا جامی شیدا است این

میٹھی زبان والا طوطا یا جنّت کے باغ کا بُلبُلِ عاشق۔ جنان۔ جنّت کی جمع یا بے گھر والا بُلبُل عاشق یا جامی جو آپ کا شیدائی ہے۔ فدائی ہے۔

بگیرم دامنِ آلِ سیّد لولاک دُر محشر

شیخ غلام قادر گرامی

توئی سلطانِ عالم یا محمدؐ

حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ

حضرت مولانا نورالدین عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ۔ عمادالدین کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ مولانا جامیؒ فرزند مولانا نظام الدین احمد دشتی ایران کے گاؤں جس کا نام جام ہے۔ بتاریخ ۲۳ رشعبان المعظم ۸۱۷ھ بمطابق ۱۴۱۴ء عشا کے وقت تولد ہوئے ہیں۔ مولانا نظام الدین احمد دشتیؒ بنِ مولانا محمدؒ دشتیؒ جو دشت کا ایک محلہ اصفہان شہر ایران میں ہے، رہائش پذیر تھے۔ مولانا محمد دشتیؒ (جامیؒ کے جدِ امجد) کے عقد میں حضرت امام محمدؒ شیبانیؒ کی اولاد سے صاحبزادی تھی۔ جن کے بطن سے حضرت مولانا جامیؒ کے والد پیدا ہوئے۔ حضرت جامیؒ کے والد ماجد حضرت امام اعظم ابوحنیفہؓ کے گہرے دوست تھے۔ جو حنفی مذہب کے مجتہد تھے۔ ۸ محرم الحرام ۸۹۸ھ بمطابق ۱۴۹۲ء داعی اجل کو لبیک کہا اور بمقام شہر ہرات (ایران) میں سپردِ خاک کئے گئے۔ وفات کے وقت آپ کی عمر شریف ۸۱ سال تھی اور اُس گھڑی آپ کی زبان پر نعت رسولؐ رواں دواں تھا۔ یہ ایک مسلّم امر ہے کہ نعتِ رسولِ مقبولؐ کے بارے میں حضرت جامیؒ کا بہت بڑا حصّہ ہے۔ مولاناؒ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سرشار تھے ـــــ بے بہا خزانہ نعت کا مجموعہ کلیاتِ جامیؒ میں موجود ہیں۔ اور روضۂ اقدس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بارہا فیض یاب ہوئے ہیں۔ حضرت مولانا جامیؒ نہ صرف ولی اور دوست خدا تھے۔ بلکہ بہت بڑے عالم اور مصنف بھی۔ عربی اور فارسی میں بے شمار کتابیں تصنیف کی ہیں۔ زیرِ بحث کلیاتِ جامیؒ کی کتاب ہے۔ اس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نعتِ رسول اکرم صلعم بیان کئے گئے ہیں۔ یہی اس کی مقبولیت ہونے کی بڑی دلیل ہے۔

سرمایۂ حیات

نسیما جانبِ بطحا گزر کُن
ز احوالم محمدؐ را خبر کُن

اے نسیم سحر! مدینہ منورہ کی طرف گزر کر، اور میرے حالِ زار سے حضور رحمتِ عالمؐ کو آگاہ کر

توئی سلطانِ عالم یا محمدؐ
ز روئے لطف سوئے من نظر کُن

اے رحمتِ عالم! آپ دونوں جہاں کے بادشاہ ہیں۔ از راہِ کرم مجھے نظرِ رحمت سے نوازیئے

ببر ایں جانِ مشتاقم در آنجا
فدائے روضۂ خیر البشر کُن

اے نسیم! میری اِس روحِ مشتاق کو مدینہ طیبہ لے جا۔ اور حضور سرورِ عالمؐ کے روضہ پر نثار کردے

دوائے دردِ دل را چارہ گر کُن
بحالِ مبتلائے غم نظر کُن

یارسول اللہؐ میرے دِل کے درد کا علاج فرمائیں، مجھے غم کی مصیبت میں اپنی مبارک نظر سے شاد فرمائیں

نگاہِ بر منِ بے بال و پر کُن
کرم کن یارسول اللہؐ کرم کُن

یارسول اللہؐ میری بے کسی کی حالت پر نظر فرما۔ یارسول اللہؐ میرے حال پر عنایت کی نظر فرما

مشرف گرچہ شد جامی ز لطفش
خدایا ایں کرم بارِ دگر کُن

اگرچہ جامی آپ کی نظرِ عنایت سے فیض یاب ہوا ہے، خدایا یہ مہربانی اور عنایت دوسری بار زیارت کا شرف عطا فرما کر جانِ ناتواں بیقرار ہے۔

خوشا دل کہ دارد خیالِ محمدؐ

حضرت عبدالرحمان جامیؒ

جہاں روشن است از جمالِ محمدؐ

محمد رسول اللہؐ کے جمالِ اقدس سے ساری کائنات روشن ہے۔

ارم تازہ گشت از وصالِ محمدؐ

محمد رسول اللہ کی زیارت سے میرا دل زندہ اور خوش ہے۔

بوصفِ رخش والضحیٰ گشت نازل

محمد رسول اللہؐ کے چہرۂ اقدس کی مدح میں سورۂ والضحیٰ نازل ہوئی ہے۔

چو واللیل بر زلف و خالِ محمدؐ

جبکہ محمد رسول اللہؐ کی مقدس زلف وخال کی تعریف میں سورۂ واللیل موجود ہے

خوشا چشم کو بنگرد مصطفیٰ را

کیا ہی خوب ہے وہ آنکھ جس نے محمد رسول اللہ کی زیارت کی۔

خوشا دل کہ دارد خیالِ محمدؐ

اور کتنا مبارک ہے وہ دل جو محمد رسول اللہؐ کے خیال و تصور میں محو رہتا ہے۔

بود در جہان ہر کسے را خیالے

ہر شخص دنیا میں کسی نہ کسی خیال میں محو و خوش رہتا ہے۔

مرا از ہمہ خوش خیالِ محمدؐ

مجھے تمام دنیا میں سب سے زیادہ پسند محمد رسول اللہؐ کا خیال و تصور ہے۔

خوشا مجلس و مسجد و خانقاہے

کتنی مقدس و پسندیدہ ہیں وہ مسجدیں اور خانقاہیں ہیں۔

کہ در وے بود قیل و قالِ محمدؐ

جن میں محمد رسول اللہؐ کا ذکرِ خیر رہتا ہے۔

بصدق و صفائی تواں گشت جامی

غلامِ غلامانِ آلِ محمدؐ

غریب جامی صدق و اخلاص کے ساتھ محمد رسول اللہؐ اہلِ بیتِ اطہار کے غلاموں کا غلام بن گیا ہے۔

مصطفیٰ و مجتبیٰ و سیدِ اعلیٰ توئی

خواجہ شمس تبریزیؒ

یا رسول اللہ حبیبِ خالقِ یکتا توئی

اے اللہ کے مقدس رسولؐ آپ کو خالقِ یکتا کی محبوبیت کا شرف حاصل ہے۔

برگزیدہ ذوالجلالِ پاک و بے ہمتا توئی

آپ برگزیدہ صاحبِ جلال اور کائنات و موجودات میں بے مثال و بے ہمتا ہیں۔

(بے ہمتا) یعنی آپ جیسا کوئی نہیں۔

نازنینِ حضرتِ حق صدر بدرِ کائنات

آپ حضرتِ حق کے محبوب ہیں۔ بزمِ کائنات کے صدر اور بدرِ منیر ہیں۔

نورِ چشمِ انبیاؤ چشم و چراغ ما توئی

آپ انبیاء و مرسلین کی آنکھوں کا نور ہیں۔ اور ہمارے لئے سراج ہدایت اور باعثِ افتخار ہیں۔

در شبِ معراج بودے جبرئیلؑ اندر رکاب

یارسول اللہؐ آپ کی شان اعلیٰ و اقدس و اعلیٰ یہ ہے کہ معراج کی شب میں روح الامینؑ آپ کی رکاب میں تھی۔

پا نہادہ بر سرِ گنبدِ خضرا توئی

اور آپ کے قدم مبارک گنبدِ اعلیٰ کے تخت پر تھے۔

یارسول اللہؐ تو دانی امتانت عاجز اند

یارسول اللہؐ آپ کو علم ہے کہ آپ کی اُمت عاجز و درماندہ ہے۔

عاجزان و بیکسان را رہبرِ اعلیٰ توئی

اور آپ ہی عاجزوں اور بے کسوں کے سب سے بڑے رہبر و رہنما ہیں۔

شمس تبریزی چہ داند نعتِ تو پیغمبرا

شمس تبریزی کی کیا حیثیت ہے۔ کہ وہ آپ کی تعریف کر سکے۔ آپؐ کو تو

مصطفیٰ و مجتبیٰ و سیّدِ اعلیٰ توئی

اللہ نے پسند کیا ہے۔ برگزیدہ بنایا ہے۔ آپؐ کائینات کے سردار ہیں۔ اور آپؐ تمام مخلوقات میں اعلیٰ و افضل ہیں۔

تا تبسم نہ کنی عقل نہ گوید شکر

حضرت امیر خسروؒ

خطِ سبز و لبِ لعل و رخِ زیبا داری
حُسنِ یوسفؑ دمِ عیسیٰؑ یدِ بیضا داری

یا رسول اللہؐ! آپ سبز خط، سرخ ہونٹ، چمکیلا روئے مبارک رکھے ہوئے ہیں۔ ہر رنگ میں آپ کا روئے مبارک قابلِ تعریف ہے۔ حضرت یوسفؑ کی خوبصورتی حضرت عیسیٰؑ کی طرح مُردوں کو زندہ کرنیوالے حضرت موسیٰؑ جیسا چمکیلا دستِ مبارک رکھے ہوئے ہیں۔

شیوۂ شکل و شمائل حرکات و سکنات
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

یا رسول اللہؐ آپ کی شکل مبارک طریق مبارک، حرکات۔ سکنات۔ یعنی ہر ایک چیز قابلِ تعریف ہے۔ اور جو خوبصورت والوں میں خوبصورتی ہوتی ہے وہ خوبصورتی صرف آپ کے وجود ذی جود میں اکیلی پائی جاتی ہے۔

سنبل و یاسمن و نسترن و سروِ سہی
از سرِ زلف عذار و قدِ بالا داری

سنبل کا پھول، یاسمن کا پھول۔ نسترن کا پھول، سیدھے سرو کے درخت کی خوبصورتی پائی جاتی ہے۔ آپ، سرِ مبارک زلف مبارک۔ روئے مبارک یا رخسار مبارک اور سیدھا قدِ مبارک رکھے ہوئے ہیں۔

تا تبسّم نہ کنی عقل نہ گوید ہرگز
کاندرین آبِ خضر لولوی لالا داری

جب تک آپ یا رسول اللہؐ تبسم نہ فرمائینگے۔ یعنی کلام شریف نہ فرمائینگے تب تک مجھے عقل ہرگز نہ آئے گی۔ اس میں حضرت خضرؑ کی عزت۔ سرخ آبدار موتی جیسا کلام شریف رکھے ہوئے ہو۔ یعنی جب کلام شریف اپنے دہان مبارک فرمائیں گے۔

عقل و دین و دل و جان بردی و ہم صبر و قرار
دیگر از خسرو بیدل چہ تمنّا داری

یا رسول اللہؐ! آپ نے عاشق کی عقل۔ دین۔ دل۔ جان۔ روح اور صبر و آرام لے لیا ہے۔ دوسرا خسرو بیدل۔ یعنی دل کے بغیر خسرو کیا تمنا رکھے۔ یعنی سب کچھ یا رسول اللہؐ! عاشق کو لے لیا ہے۔ آپ کے بغیر کوئی تمنّا نہیں ہے۔

ای آنکہ توئی خدای غوث الثقلین
خواہیم ز تو رضای غوث الثقلین
از جملہ آفات نگہدار مرا
در ہر دو جہان برای غوث الثقلین

مشرف دیدہ ام کن از نگاہے

حضرت مولانا عبدالرحمن جامیؒ

نہ بر چرخ نبوت چوں تو ماہے
نہ بر تختِ رسالت چوں تو شاہے

یارسول اللہ! آپ نبوت کے آسمان پر چاند جیسے چمک رہے ہیں۔ اور کوئی نہیں یارسول اللہ! رسالت کے تخت پر آپ جیسے بادشاہ کوئی نہیں ہیں۔ یعنی آپ کا ہی جلوہ پھیلا ہوا ہے۔

نہ در امت چو من گم کردہ راہے
نگاہے یارسول اللہ نگاہے

یارسول اللہ! آپ کی امت میں مجھ جیسا نیک راستے سے بھولا بھٹکا ہوا کوئی نہیں ہے۔ گنہگار ہوں۔ مجھ پر عنایت کی نظر فرما۔

مشرف دیدہ ام کن از نگاہے
معطر سینہ ام کن از نگاہے

یارسول اللہ! اپنی چشم مبارک سے میری آنکھوں کو منور و مشرف فرما۔ اپنی نظر عنایت سے میرا سینہ معطر فرماویں یعنی خوشبودار فرماویں۔

سیاہ خاکم بکن زر از نگاہے
نگاہے یارسول اللہ نگاہے

یارسول اللہ ﷺ! میری جسم کی مٹی جو گناہوں سے کالی ہوگئی ہے اس کو اپنی نظرِ عنایت سے سونا بنادے۔ یارسول اللہ ﷺ نظرِ عنایت فرما۔

نہ در دُرج صدف مثلِ تو گوہر
نہ در بُرج شرف مثلِ تو اختر

آپ ﷺ صدف کے ڈبے میں گوہر یعنی موتی کے مانند ہیں۔ آپ ﷺ عزت کے آسمانِ اعلیٰ پر اختر کے مانند ہیں یعنی آپ ﷺ آسمان کے اوپر ہر طرف چمک رہے ہیں۔

نہ جُز تو حق نمائے قبلہ گاہے
نگاہے یارسول اللہ نگاہے

آپ ﷺ کے سوا کوئی سچائی کا راستہ دکھانے والا نہیں ہے آپ ﷺ ہی قبلہ نما ہیں۔ یارسول اللہ ﷺ! اپنی نظرِ عنایت سے مشرف فرما۔

نہ جز تو کس مرا پشت و پناہے
نہ جُز تو کس مرا اُمید گاہے

یارسول اللہ ﷺ! آپ کے بغیر میرا کوئی پشت و پناہ نہیں اور کوئی مددگار نہیں ہے آپ کے بغیر شفاعت کی کسی سے امید نہیں ہے۔

گذر فرما بہ ما ہم گاہ گاہے
نگاہے یارسول اللہ نگاہے

کبھی کبھی ہماری خبر گیری فرمائیے یارسول اللہ ﷺ! اور اپنی نظرِ عنایت سے مشرف فرمائیں ؛

از شعاعِ نورِ پاکِ تو منوّر یا رسولؐ

حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ

یا رسولِ ہاشمی قربانِ نامت جانِ من
جانِ من جانانِ من با جملہ فرزندانِ من

اے ہاشمی خاندان کے رسولؐ آپ کے نام مبارک پر میری جان قربان ہو۔
میری جان میری روح میرا عشق میرے سارے بچے آپ پر قرباں ہوں

از شعاعِ نورِ پاکِ تو منوّر یا رسولؐ
دیدۂ من سینۂ من قلبِ من قلبانِ من

آپ کے پاک نور سے یا رسول اللہؐ منور ہیں میری آنکھیں میرا سینہ میرا دل میری ظاہری صورت اور باطنی صورت۔

بندۂ کم طاعتم از لطف آزادم بکن
خواجۂ من سیدِ من شاہِ من سلطانِ من

میں کم طاعت ہوں ہوں۔ مجھے اپنی مہربانی سے گناہوں سے آزاد کر۔ آپ میرے خواجہ میرے سردار میرے بادشاہ۔ اور میرے آقا ہیں۔

حضرتِ یعقوبؑ میگوید فدایت یا نبیؐ
دیدۂ من یوسفِ من مصرِ من کنعانِ من

حضرتِ یعقوبؑ فرماتے ہیں کہ یا رسول اللہؐ آپ پر فدا ہو جاؤں۔ میری آنکھیں۔ میرا حضرتِ یوسفؑ مصر کا شہر۔ کنعان کا وطن آپ پر قربان ہو۔

سرمایۂ حیات

خاکِ راہِ رہروانِ راہِ عشقت یارسولؐ
سرمۂ من۔ دیدۂ من چشمِ من چشمانِ من

آپؐ کے عشق کی راستے چلنے والوں کیلئے یارسول اللہؐ مٹی سرمہ ہے میرا سرمہ، میری آنکھوں کیلئے سرمہ، روشنی کیلئے سرمہ، ظاہری و باطنی بینائی کیلئے سرمہ ہو۔

سجدۂ پاکت کہ باشد در قیامت یانبیؐ (سجدۂ پاکت)
راحتِ من۔ رحمتِ من ابرِ من نیسانِ من

یارسول اللہؐ آپ کے سجدۂ پاک سے قیامت کے دن میرے لئے راحت۔ رحمت اور قیمتی بارش جس کو ابرِ نیسان کہتے ہیں۔ ہوگی۔

یارسولِ البطحیٰ باب السّلام روضہ اُت
قبلۂ من، کعبۂ من، دینِ من ایمانِ من

اے رسولِ البطحیٰؐ آپ کا روضۂ مقدس سلامتی دروازہ ہے۔ اور یہی روضۂ پاک میرا قبلہ میرا کعبہ۔ میرا دین اور میرا ایمان ہے۔

یک تکلّم زاں دو لعلِ عنبرین فرما کہ ہست (شکرین)
قوتِ من۔ قوتِ من یاقوتِ من مرجانِ من

ایک کلامِ شریف اپنے دو ہوسو ہونٹوں سے فرمایئے۔ وہی میرے لئے طاقت۔ غذا۔ یاقوت اور مرجان کے برابر ہے۔

چشم دارد جامیِ مسکین کہ فرمائی قبول (یارسول اللہ بیکس جامی کی نظریں آپ پر ہیں)
گریۂ من۔ نالۂ من۔ آہِ من افغانِ من (اس کے نالہ وزاری آہ و فغاں قبول فرمائیں)

خارہا از عشقِ تو در سینہ دارم یارسولؐ

حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ

تا بہ کے از تیغِ ہجرت زخم ہا بر دل زنی
مرہم وصلم بدہ در انتظارم یارسولؐ

یارسول اللہؐ! کب تک آپ کی جدائی کی تلوار میرے دل کے زخم پر ماریںگے۔ یعنی عاشق کو کب اپنا روی نازنین دکھائیںگے۔ عاشق کے زخم پر اپنے دیدار سے مرہم پٹی فرمائیں۔ میں کب تک یارسول اللہؐ انتظار کروں گا۔

ماندہ ام از عشقِ تو بس بیقرار و دلفگار
خارہا از عشقِ تو در سینہ دارم یارسولؐ

میں آپ کے عشق سے بیقرار اور دلفگار یعنی دل کے زخم سے بیقرار ہوں۔ آپ کے عشق کے کانٹے یارسول اللہؐ میرے سینے میں لگے ہوئے ہیں۔

عمرہا شد مبتلا گشتم بداغِ انتظار
شد سیہ از ہجرِ تو بس روزگارم یارسولؐ

میری ساری عمر یارسول اللہؐ آپ کی جدائی کے انتظار میں مبتلا ہوئی ہے اور آپ کی جدائی سے یارسول اللہؐ میری ساری زندگی سیاہ ہوئی ہے یعنی غم میں مبتلا ہوں۔

سرمایۂ حیات

گر شود بر من میسر یک شبے دیدار تو
تا قیامت سر ز پایت بر ندارم یا رسولؐ

یا رسول اللہؐ! اگر مجھ پر ایک رات کی دیدار حاصل ہو جائے یعنی ایک رات، میں دیدار سے مشرف فرمائینگے، میں اپنا سر آپ کے پائے مبارک نہ اٹھاؤں گا۔

سوخت جامی از فراقِ آتش سوداِی تو
چارۂ صبرش ولیکن من ندارم یا رسولؐ

یا رسول اللہؐ! جامی آپ کی جدائی کی جلن سے آپ کے عشق کی آگ سے جل گیا۔ یا رسول اللہؐ! صبر کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ لیکن مجھ میں صبر کی طاقت نہیں ہے۔

کچھ کفر نے فتنے پھیلائے کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے
سینوں میں عداوت جاگ اٹھی انسان سے انسان ٹکرائے
پامال کیا برباد کیا کمزور کو طاقت والوں نے
جب ظلم و ستم حد سے گزرے تشریف محمدؐ لے آئے
رحمت کی گھٹائیں لہرائیں دنیا کی امیدیں بھر آئیں
اکرام و عطا کی بارش کی اخلاق کے موتی برسائے
تہذیب کی شمعیں روشن کیں اونٹوں کے چرانے والوں نے
کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی ذروں کے مقدر چمکائے

ماہر القادری

سرمایۂ حیات

حکیم الامت، دانائے راز، علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ

اقبال بہت بڑا شاعر ہے، اور اس کی بڑائی کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ اس نے اردو ادب کو تقریباً ہر پہلو سے متاثر کیا ہے — اقبال سیالکوٹ میں ۲۹ر دسمبر ۱۸۷۲ء کو پیدا ہوئے ان کے والد کا نام شیخ نور محمد عرف لابرو ولد شیخ محمد رفیق تھا۔ اقبالؔ کے والدین ایک کشمیری گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ اقبالؔ نے ۱۸۹۳ء میں سوا انیس برس کی عمر میں میٹرک پاس کیا۔ پھر سکاچ مشن کالج سیالکوٹ میں داخلہ لیا۔ یہاں پر ان کے اُستاد میر حسن تھے۔ جنہوں نے اقبالؔ کی شاندار طریقے پر تربیت کی۔ بی اے کی ڈگری گورنمنٹ کالج لاہور سے حاصل کی۔ اور پھر ایم اے (فلسفہ) کی پڑھائی شروع کی۔ شاعری کا آغاز ایک شاعرے میں ارشد گورگانی سے اس شعر پر داد بھی حاصل کی تھی۔

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے۔

ان کی شہرت کا آغاز انجمن حمایت اسلام کے جلسے میں ان کی پہلی نظم "نالۂ یتیم" سے ہوا۔ یہ جلسہ ۱۸۹۹ء ہوا تھا۔ شروع شروع میں علامہ اقبال داغ دہلوی کو اپنا کلام اصلاح کے لئے بھجوایا کرتے تھے۔ مگر بہت جلد داغ نے لکھا کہ اب انھیں اصلاح کی ضرورت نہیں ہے۔

ایم اے کرنے کے بعد علامہ اقبالؔ ۱۲ر مئی ۱۸۹۹ء کو اورینٹل کالج میکلوڈ عربک ریڈر مقرر ہوئے اس عہدہ پر ۱۹۰۳ء تک کام کرتے رہے۔ ۱۹۰۵ء میں انگلستان روانہ ہوگئے۔ یہاں کیمرج فلسفۂ اخلاق میں ڈگری حاصل کرلی ۱۹۰۷ء میں جرمنی کی ایک یونیورسٹی میونک میں "ایران میں فلسفۂ الٰہیات کا ارتقا" کے مضمون پر پی ایچ ڈی کی سند حاصل کرلی۔ لندن میں قانون کا امتحان پاس کرلیا۔ اور کچھ عرصہ پولٹیکل سائنس اور معاشیات کی تعلیم بھی حاصل کرلی ۱۹۰۸ء میں واپس لاہور آئے۔ اور گورنمنٹ

کالج لاہور میں فلسفہ کے عارضی پروفیسر مقرر ہوئے مگر ساتھ ہی بطور ایڈوکیٹ بھی کام کرتے رہے۔ اس کام سے استعفیٰ دینے کے بعد آپ بیرسٹری کرتے رہے۔ ۱۹۲۲ء میں ادبی خدمات کے سلسلے میں انہیں 'سر' کا خطاب ملا۔ ۱۹۲۶ء میں آپ نے عملی سیاست میں قدم رکھا۔

اقبالؒ ایک عظیم شاعر ہی نہیں تھے بلکہ ایک عظیم انسان بھی تھے۔ علامہ اقبالؒ باوجود اس کے کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے اور انہوں نے یورپ کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کی تھی، سادہ لباس استعمال کرتے تھے اور سادگی سے رہتے تھے۔ وہ راست گفتار تھے۔ اور مذہب سے والہانہ لگاؤ رکھتے تھے۔ عشق رسولؐ سے سرشار تھے۔ اقبالؒ نے اردو کے ساتھ فارسی میں بھی لکھا۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اقبالؒ کی شاعری اردو شاعری سے افضل ہے۔

اے ظہورِ تو شبابِ زندگی

یارسول اللہؐ! آپ کا ظہور جو دنیا میں ہوا وہ دراصل زندگی کا شباب تھا۔ جس طرح سبزہ زار سردیوں میں خشک ہوتا ہے اور بہار میں پھر زندہ ہوتا ہے۔ اسی طرح انسان کی زندگی کے لئے آپ کا وجود بارانِ رحمت تھا۔

جلوت تعبیر خوابِ زندگی

یارسول اللہؐ! انسان کی زندگی کا تعبیر اس کے خوابوں کی تعبیر آپ کا وجود پاک ہے

اے زمین از بارگاہت ارجمند

یارسول اللہؐ! یہ زمین جو ہے۔ آپ کے آنے سے نہایت ارجمند ہوئے۔

آسمان از بوسۂ بامت بلند

یارسول اللہ! آسمان نے اگر یہ اونچائی حاصل کی۔ یہ صرف آپ کے مرقدِ پاک کو بوسہ دینے کے لئے۔

شش جہت روشن زتابِ روی تو

یارسول اللہ! آپ کے چہرہ نازنین سے سارا عالم روشن ہوا۔

ترک وتاج دعرب ہندوی تو

تمام دنیا میں لوگ ترک تاجکستان، ہند اور عرب کے لوگ آپ کے نور سے روشن ہوئے

از تو بالا ہائے ایں کائنات

فخر تو سرمایہ ایں کائنات

یارسول اللہ! جس طرح نے میں سے آواز نکلتی ہے۔ اسی طرح میرے دل سے آپ کے تعریفوں کی آواز نکلتی ہے۔ بس یہی میرا سامان ہے جو میں نے حاصل کیا ہے۔

مسلم از سرِ نبی بیگانہ شد

یارسول اللہ! میری فریاد سنئے۔ مسلمان جو ہیں۔ وہ بے گانہ اور بے خبر اس سر سے ہیں۔ جو آپ نے اُن میں بطور امانت چھوڑا ہے۔

باز ایں بیت الحرم بت خانہ شد

یارسول اللہ! آپ کے تبلیغ اور ظہور سے انسان کے دلوں میں جو سینکڑوں خدا موجود تھے۔ اُن کو آپنے تباہ کیا تھا۔ مسلمانوں کے دلوں میں اب سینکڑوں خدا بستے ہیں۔ اور ایک خدا کو بھول گئے ہیں اور سینکڑوں خداؤں کے سامنے اپنا سر دن بدن جھکاتے ہیں۔

گنہگارم ولیکن خوش نصیبم

غریبم یا رسول اللہ غریبم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں غریب ہوں

ندارم در جہاں جز تو حبیبم

آپ جیسے میرے پیارے اور میرے محبّ دنیا میں کوئی نہیں ہیں۔

مرض دارم زِ عصیاں لا دوائے

میں اپنے گناہوں کا مریض ہوں، جس کی دوا میرے پاس نہیں ہے

مگر الطافِ تو باشد طبیبم

لیکن جناب کی مہربانی اور عنایت کے میرے طبیب ہیں۔ شفا آپ کے

دستِ مبارک میں ہے

برین نازم کہ ہستم اُمتِ تو

مجھے اس بات پہ ناز ہے اور فخر کرتا ہوں کہ میں آپ کا اُمتی ہوں۔

گنہگارم ولیکن خوش نصیبم

گنہ گار ہوں، لیکن میں خوش نصیب ہوں کہ میں آپ کا اُمتی ہوں

الطاف: مہربانی

گر قبلہ نما خواہی بین روئے محمدؐ را

خواجہ حبیب اللہ عطارؒ

خواجہ حبیب اللہ عطارؒ خواجہ ابراہیم کے صاحبزادے تھے، ۱۰۱۰ھ میں سرینگر پیدا ہوئے تھے، باپ کا سایہ بچپن میں ہی سر سے اُٹھ گیا تھا۔ خواجہ حبیب اللہ عطار جتنے خوبصورت تھے اُتنے نیک سیرت بھی تھے — ایک دن ایک بزرگ، خدا دوست حضرت یعقوب دار صاحب کی اُن پر نظر پڑی۔ تو دار صاحب نے ارادہ کیا کہ وہ حضرت عطار کی تربیت کریں گے۔ تربیت کے دوران جناب عطار کے باطن کے سب دروازے کھل گئے۔ حضرت عطار برگزیدہ شعراء اور حفظ قرآن بھی تھے۔ پرہیزگاری اور خداترسی میں بڑی شان تھی۔

ایک بلند پایہ کے بزرگ حضرت شاہ حقانیؒ فرماتے ہیں، میں نے خواب میں محمد مصطفےٰ کو دیکھا حضرتؐ نے مدینہ منورہ میں حضرت عطار کو میرے سپرد کیا۔

حضرت عطار ۷۰ برس کی عمر میں ۲ رجب المرجب ۱۰۸۰ھ میں انتقال فرمایا اور محلہ قطب الدین پورہ گرگاڑی محلہ میں دفنایا گیا۔ حضرت عطارؒ کی نعت پیشِ خدمت ہے۔

خدا رحمت کند این عاشقانِ پاک را

گر قبلہ نما خواہی بین روئے محمدؐ را

اگر قبلہ نما چاہتے ہو، محمد مصطفےٰؐ کے روئے روشن کو دیکھ

محرابِ دُعا گردان ابروئے محمدؐ را

سرورِ کائنات کے ابرو کو محراب۔ دُعا میں شمار کر

شُد چشم خدا بنیان زان نُورِ رُخش روشن

اللہ کے پہچاننے والوں کی آنکھیں نُورِ محمدی سے روشن ہوئیں

آئینۂ وحدت زان رُوئے محمدؐ را

محمد مصطفیٰؐ کے چہرۂ مبارک کو وحدانیت کا آئینہ سمجھ

از ناوکِ اعجازش گشتند ہمہ عاجز

ان کے معجزوں کے تیروں سے سب لوگ مفتوح ہو گئے

(مفتوح: فتح کئے گئے)

بُت خانۂ شکن بنگر بازوئے محمدؐ را

دیکھ محمد مصطفیٰؐ کے بازوئے مبارک یہ بُت شکن ہیں

مستیم زبوی او دیوانہ رُوئے او

ہم نورِ محمدؐ کی خوشبو سے مست ہو رہے ہیں اور ہم اُنؐ کے

روئے نازنین کے دیوانے ہیں

زنجیرِ دلِ ما کن ہر موئے محمدؐ را

انؐ کے ہر موئے پاک نے ہمارے دلوں کو باندھ رکھا ہے

فیاضِ ازل در بے از مشکِ لطیفم داد

رب العزت نے مجھے ازل سے فیض کا لطیف اور پاکیزہ خوشبو عطا کی

خوش یافتہ بسمل خوشخوئے محمدؐ را

جس کو میں نے محمد رسول اللہؐ کے خوش خوئے خلق کے مطابق پایا

سرمایۂ حیات

تا نیست باد ہستیم دیوانہ و سرمستیم

ہم عقیدت و احترام میں اُن کے دیوانہ و مست ہیں

بر گردنِ دل بستیم گیسوئے محمد ﷺ را

اور ہم نے اپنے دلوں اور گردنوں کو انکی زلفِ گرہ گیر میں باندھ لیا ہے

از عطرِ عطای او عطار معطر شد


جو خوشبو اللہ نے انکو عطا فرمائی اُس سے عطار بھی سرشار ہوا

بو بردہ مشامِ جاں خوشبوئے محمد ﷺ را

محمد مصطفےٰ ﷺ کی خوشبو ہمارے لئے مشامِ جاں بن چکی ہے

(مشام :- رحتِ دماغ)

(عاجز : شکست خوردہ)



(محراب : وہ قوس نما جو مسجد میں کعبے کے
رُخ امام کے کھڑے ہونے کے
لئے بنایا جاتا ہے)

(بسمل :- فدا - قربان)

یا ایھا العباد علیٰ سید الانام ! صلوا و سلموا و علیٰ الہ الکرام

شیخ یعقوب صرفیؒ

سیدُ السادات سالارِ عجم، دستِ اُو معمارِ تقدیرِ امم
(اقبالؔ)

حضرت سید علی ہمدانیؒ کا چہل اسرار جو فارسی میں تصنیف کیا ہے۔ اس کا کشمیری ترجمہ حضرت مولینا ولی اللہ متو صاحب، نسبتی تعلق آخون پیرزادہ خاندان سے ہے۔ بیرو دہ تحصیل بڈگام آبائی مسکن تھا۔ کشمیری ترجمہ چہل اسرار پیشِ خدمت ہے۔

حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ بروز دوشنبہ ۱۲ ماہِ رجب ۷۱۴ھ ایران کے مشہور شہر ہمدان میں پیدا ہوئے۔ سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشن گوئی کی تھی کہ میری ہجرت کے بعد ۷۱۳ سال عراق کے شہر ہمدان میں ایک ستارہ طلوع ہوگا۔ حاضرینِ مجلس صحابہ کبار رسول اللہ صلی اللہ سے گزارش کی کہ یا رسول اللہؐ ہمارے آنکھوں کے نورؐ اللہ کے نبیؐ اُس کا نام کیا ہے؟ فرمایا علی ہمدانیؒ۔ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ کشمیر میں تبلیغِ اسلام کے بارے میں حضرت سید علی ہمدانیؒ کا بہت بڑا حصہ ہے۔

آرزو چھم آرزو چھم آرزو

قبلہ دل مہرِ رویے تس یارُ سند
کعبۂ جان خاکِ کویے تس یارُ سند

یام ہووُن زلفِ پیچانک خماہ
آوِ رووُن از محبت عالماہ

حُسن رویے ہووُن تہ دنین ترہ دو نور
مویِ تنہِ رووُن تہ نورن کوہ ظہور

چلہ یام چوُرن کمانِ ہُبرُ شکن
تیرِ بارانِ بلا کیھو رعاشقن

یُس گرفتارہ بعالم گو متوی
زلفہِ گنڈ تس یارُ سندی پھہ رتی

گلزُخن ہند گلِ دزلِ از روے او
سارنی ہنز زندگی از جوے او

داد تُمہ سندی وزان کم ڈٕہر چھی
عشقہٕ نارن یارٕ سندے دٕزہ دکیاہ
غم تُسندی چھی دوا دأدی لدن
یہ دکری دٕزن عالمن زیر و زبر

بیدلن ہند دُہر بتری بہر چھی
نرگسین چشمن نسترن جوود کیاہ
موکھ تُسندی سوہ کھ دی ماتم زدن
عاشقن آسی نہ جزدی کانہہ خبر

اے علی پھیرن بر برنا ردا
عاشقن ہندن مُچھکن چھوی سُوی دوا

مُناجات از مولانا رومیؒ

بر درت آوردہ ام من اے خدا
قلبہا تقلیب طفیل مصطفےٰؐ

اے خدا میں گناہوں کے گرداب میں پھنسا ہوا ہوں۔ مگر اس کے باوجود اسے تیرے دربار میں لے آیا ہوں۔ تو مقلب القلوب ہے۔ اپنے محبوب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ و طفیل اس کے دل کو برائیوں سے پھیر کر راہِ راست پر لگادے۔

دست بدعا
حاجی سید عبد الغنی

رحیم صاب سوپوری

کرس تھپ واماُنس رسُول نازنینسؔ

خواجہ رحیم صاحب سوپوری کشمیر کے ضلع سوپور میں درماہ ربیع الاوّل ۱۲۳۶ھ میں تولد ہوئے بچپن ہی سے نیک سیرت اور نورِ بصر نظر آتے تھے۔ آہستہ آہستہ صاحب دل، نیک شخصیت قلندر ربانی صاحب جو زاہد تقویٰ میں پرہیزگار تھا۔ اُن کی نظر خواجہ رحیم صاحب سوپوری پر پڑی۔ صورت و سیرت میں اس کی استعداد معرفت دے کر روحانی تربیت کر کے روحانی معرفت سے سرفراز ہوا۔ جس سے وہ کشمیر میں لاثانی شاعر بن گیا۔ عشق اور محبت میں حضرت رسول اللہؐ صلی اللہ علیہ وسلم سے والہانہ عقیدت رکھتا تھا۔ اس وقت آپ کے سامنے اُس کا ایک نعتِ پاک پیش کرتا ہوں ——— خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک را

نعت

رٕوٹھم داماًنہ محکم رسولِ نازنینس
کرس کھپ داماًنس سولِ نازنینس

برس تل لاَیس نادگوُٹ چھُم داد بیدادا
یارسولؐ از کرم یاد گے نوُر جبینس

یُس آسہِ پتھ شہنشاہ وَن تس کیاہ چھُہ پرواہ
متہ تھاوتم پتھ دُنیاہس اَتھ دارِنس کمینس

بہِ اَندری شرٕ گوٚلمُت مٔیہ ردلیس خاک موٚلت
بہِ اَندری گوٚلمت چھُس مٔیہ چھُم امار سینس

کرِ سَنا پوٚنبرِن گَتھ اَتھ شمع رٕدلیس پَتھ
یارسولؐ گارتم وَتھ اندر سوُے مدینس

سرمایۂ حیات

یُم چیوٚو صدُرک مس تس دِتوی بنین حُسِن
ڈُنگر دِتھ وٚوٚتھ صدرس تھپ تمی ترآو لاس

سوپور رحیم یراران خون دِل چھی سوٗ ہاران
سازس تارِ چاران ونان چھی زار بنیس

لوٗٹ : خواجہ رحیم سوپوری کی غزلیات اور نعت شریف کے مصرعے درج ذیل ہیں
ان غزلیات اور نعت شریف کو کچھ شاعروں نے اپنے ناموں کے ساتھ منسوب کئے ہیں - جو
بد دیانتی سے ماموُر کیا جا سکتا ہے ۔

- حُب چاوتم لو بے لبا بے
  بے تا بہٕ کرُ بھس وولو
- ہا لالہ وندے لال - مے چھ حال چونی بس
- گرم کرنا یہٕ عشقن خون
  چھ مجنون پُرہ دتا رِ دِل

★ — یاد رہے رحیم صاحب سوپوری کی غزلیات وغیرہ کی چوری
کرنے والے کچھ نامی گرامی شاعر بھی شامل ہیں۔

یا رسول السلام علیک

محمود گامی پیر خاندان سے تھے۔ علاقہ شاہ آباد تحصیل اسلام آباد میں سکونت کرتے تھے۔ محمود عربی اور فارسی میں دسترس رکھتے تھے۔ اوّل ایام میں درس و تدریس اور بعد میں پیری مریدی اختیار کیا اور اسی کو ذریعہ معاش بنایا۔ قدرت نے انہیں شاعرانہ انعام سے نوازا۔ محمود ۹۰ سال کی عمر میں وفات پا گئے اور شاہ آباد میں سپرد خاک ہوئے ہیں۔ محمود کو رسول اللہ ؐ سے بے حد عقیدت تھی۔ محمود کی ایک نعت شریف پیش کی جاتی ہے۔

—●—

شوقہ چانے چھس بو رِوان　　خونِ دِل زَن از دیدہ ہَران
کرِبہ ڈیشتھ ای سروِ رَوان　　یا رسول السّلام علیک
راتِ دوہ گوم وَدانِ رِوان　　زانِہہ تہ بہ چھم نہ خوابی پوان
جان وَندَے ای جانِ جانان　　یا رسول السّلام علیک
چانہِ ذورِ رہ بہ سَوٗرہ مَلے　　کتہِ ژھانڈت ہا دردِ لے
ژورِ رخسار ہا وُم مَلے　　یا رسول السّلام علیک
وَدان وَدان دود میون سینہ　　کرِبہ ڈیشتھ ہا نازنینہ
سَر بہ وَندے چھک بے کینہ　　یا رسول السلام علیک
لٹہِ اَکے دیدار دِتم !　　شبہ اَکے خوابی ییتم
نتہِ یانَس کنُے رِنتم　　یا رسول السّلام علیک
